Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 19 اکتوبر 2026ء، 7 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 176

پنجاب میں ایک سال میں چار لاکھ مویشی تیار

دیہی فارمرز کو 11-ارب روپے کا منافع، وزیراعلیٰ مریم نواز لائیوسٹاک کارڈ کے ذریعے ہر فارمرز کو ہر مویشی کے لئے چارہ ونڈا وغیرہ کے لئے 27ہزار روپے مل رہے ہیں

8ایف ایم ڈی کمپارٹمنٹ نوٹیفائڈ، 7مزید ایف ایم ڈی کمپارٹمنٹ اس سال بنیں گے، مویشیوں کی چین، یورپ، امریکہ کو ایکسپورٹ کی راہ ہموار

وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت پیر عمران شاہ ولی دینی تعلیم کے شعبے میں نمایاں خدمات پر پرنسپل دار العلوم سراجیہ نعیمیہ لاہور نبیرہ عندلیب نعیمی کو دختران پاکستان ایکسی لینس ایوارڈ دے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں لائیوسٹاک کے سنہرے دور کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے-ایک سال میں چار لاکھ مویشی تیار ہو گئے، مزید مویشی تیار کئے جا رہے ہیں، دیہی لائیو سٹاک فارمرز کو 11-ارب روپے کا منافع متوقع ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف لائیوسٹاک کارڈ کے ذریعے ہر فارمرز کو فی مویشی چارہ ونڈا وغیرہ کے لئے 27ہزار روپے مل رہا ہے -پنجاب میں 8ایف ایم ڈی (بقیہ نمبر 2)

اپر علیوٹ حادثے پر سی ٹی او مری کا اظہارِ افسوس

تمام شاہراہوں پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

سی ٹی او مری کی ٹریفک وارڈنز کو تیز رفتاری اور لاپرواہی پر فوری ایکشن کی ہدایت

مری (این ای این) چیف ٹریفک آفیسر مری سید منیر احمد ہاشمی کا اپر علیوٹ میں ٹریفک حادثے پر اظہارِ افسوس، ٹریفک وارڈنز کو ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات۔ چیف ٹریفک آفیسر مری کی ٹریفک وارڈنز کو ہدایت، کشمیر روڈ سمیت تمام اہم (بقیہ نمبر 3)

بلاول بھٹو زرداری کا سانحہ کارساز کے شہداء کو خراجِ عقیدت

پیپلز پارٹی جمہوری اداروں کے استحکام، آئین کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی پاسداری کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز کے شہداء کا لہو گواہی دیتا ہے کہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور تشدد (بقیہ نمبر 6)

سائبر کرائم کی شکایات میں 43 ہزار سے زائد کا اضافہ

بلیک میلنگ، ہراسانی اور ہتک عزت کی 50ہزار 782شکایات موصول ہوئیں، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سائبر کرائم کی شکایات میں ایک سال کے دوران 43ہزار سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) کو 2026 میں اب (بقیہ نمبر 5)

خواتین اپنی صحت کو اہمیت دیں، آصفہ بھٹو

طبی معاونت حاصل کرنے میں ہرگز ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں بیماری کا سامنا کرتے ہوئے خود کو تنہا محسوس نہ کریں

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے چھاتی کے سرطان کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور خواتین کو مناسب طبی نگہداشت حاصل کرنے کی ترغیب دینے میں طبی ماہرین، سماجی تنظیموں، سول سوسائٹی، (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم محمد شہباز شریف دانش اسکول اسلام آباد کے افتتاح کی تختی کی نقاب کشائی کرتے ہیں

دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، وزیراعظم

مالی وسائل کی کمی بچوں کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بننے دینگے

دانش سکولوں کا دائرہ پورے ملک میں پھیلا رہے ہیں، دانش سکول قائداعظم کے پاکستان کے وژن کی تعبیر، غریب بچوں کو ایچی سن کے معیار کی تعلیم فراہم کر رہے ہیں

دانش سکولوں کا دائرہ اب پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی): وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مالی وسائل کی کمی لاکھوں ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے ممتاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بلکہ ان سے بہتر تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی محنت، قابلیت اور صلاحیتوں سے ملک وقوم کی ترقی میں کردار ادا کرسکیں، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے اور اس وقت مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ وہ آج یہاں صرف وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے نہیں بلکہ عوام کے ایک خادم کی حیثیت سے موجود ہیں اور تقریب میں دکھائی جانے والی دستاویزی فلموں، طلبہ کے تاثرات اور دانش سکولوں سے فارغ التحصیل طلبہ کی کامیابیوں نے انہیں بے حد متاثر کیا ہے ۔انہوں نے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والی خصوصی صلاحیتوں کی حامل ایک طالبہ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ اس نے زندگی کی مشکلات کے باوجود امید نہیں چھوڑی اور ثابت قدمی سے اپنی جدوجہد جاری رکھی، اس کے والد محنتی اور تعلیم دوست پاکستانی ہیں، تاہم ان کے پاس اپنی بیٹی کو تعلیم دلانے کے لیے مطلوبہ مالی وسائل نہیں تھے ۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں لاکھوں (بقیہ نمبر 17)

مری مال روڈ سے ملنے والی 16 سالہ لڑکی کو والدین کے حوالے

ڈی سی ڈی ٹی ایس حافظ غضنفر علی کی ہدایات پر مال روڈ مری میں بروقت کارروائی

مری (این ای این) مال روڈ مری ڈی سی ڈی ٹی ایس حافظ غضنفر علی کی ہدایات پر پنجاب ٹورازم فورس کی ٹیم نے عثمان اسلم کی زیرِ نگرانی فرض شناسی اور انسان دوستی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 16 سالہ گمشدہ لڑکی کو بحفاظت اس کے والدین سے ملا دیا۔تفصیلات (بقیہ نمبر 7)

کار نے سڑک کنارے کھڑے تین افراد کو کچل ڈالا، ایک جاں بحق

میانوالی (این این آئی) تیز رفتار کار نے سڑک کنارے کھڑے تین افراد کو کچل ڈالا۔تفصیلات کے مطابق کندیاں کے قریب ایک تیز رفتار کار بے قابو ہو کر سڑک کے کنارے (بقیہ نمبر 8)

پنجاب میں لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ سکیم فیز ٹو کا آغاز کر دیا گیا، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کی مقبولیت اور کارکردگی سے خوفزدہ عناصر ہمیشہ ان پر ذاتی حملے کرتے ہیں، اخلاقیات کا درس دینے والے بھی بغضِ مریم کا شکار ہیں

قوم کے بچوں کا مستقبل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور ہنر سے وابستہ ہے، کنٹینرز، لانگ مارچ، دھرنے نہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے لیپ ٹاپ اور سکالرشپ سکیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے ،قوم کے بچوں کا مستقبل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور ہنر سے وابستہ ہے ، کنٹینرز، لانگ مارچ اور دھرنے نوجوانوں کا مستقبل نہیں ہے۔اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز پنجاب کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تعلیمی و سماجی ضروریات (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم محمد شہباز شریف دانش اسکول اسلام آباد کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کا امن اور عوام کی سلامتی اولین ترجیح ہونی چاہیے، طلال چوہدری

دہشت گردی کی ہر شکل کی بلاامتیاز مذمت کی جانی چاہیے ،وزیر مملکت برائے داخلہ

ریاست ہر قسم کی دہشتگردی کیخلاف کارروائی جاری رکھے گی، جڑانوالہ میں میڈیا سے گفتگو

مکوآنہ (این این آئی) وزیر مملکت برائے امور داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اختلافات سے بالاتر ہو کر ریاست اور سکیورٹی فورسز کا ساتھ دیں کیونکہ پاکستان کا امن اور عوام کا تحفظ سیاسی مفادات سے زیادہ اہم ہے۔جڑانوالہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاست اپنی جگہ اہم ہے، تاہم پاکستان (بقیہ نمبر 18)

بلوچستان: سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز، فتنہ الہندوستان کے 8 دہشتگرد ہلاک

بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

کوئٹہ / راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کر کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 17اکتوبر کو پنج پائی میں دہشت گردوں کی سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش سیکیورٹی فورسز نے ناکام بنا دی۔سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ ان دہشت گردوں کا ٹھکانہ بھی تباہ کر دیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں مزید 2 دہشت گرد بھی ہلاک ہوئے، اس کارروائی کے دوران اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔علاوہ ازیں خضدار میں آپریشن کے دوران فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا جس میں 1 دہشت گرد مارا گیا، اس آپریشن کے (بقیہ نمبر 16)

معروف صنعت کار کے بیٹے کو ڈاکوؤں نے گردن میں گولی ماردی

گاڑی چھینے جانے کے بعد ریحان نے ٹریکر کی مدد سے اپنی گاڑی کا تعاقب شروع کر دیا

فیصل آباد (آئی آئی پی) مسلح ڈاکوؤں نے گاڑی چھیننے کے بعد تعاقب کرنے پر معروف صنعت کار حاجی اشرف قادری کے جواں سال بیٹے ریحان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مقتول ریحان کی قیمتی گاڑی چناب کلب (بقیہ نمبر 22)

نامعلوم افراد کی رکشے پر فائرنگ، 2 خواتین موقع پر جاں بحق

نامعلوم افراد فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، پولیس

پشاور (آئی آئی پی) پشاور کے علاقے یکہ توت میں نامعلوم افراد نے رکشے پر فائرنگ کر دی جس سے دو خواتین گولیاں لگنے سے موقع پر جاں بحق ہو گئیں۔تھانہ آغا میر جانی شاہ کی حدود گلدرہ روڈ پر پیش آیا ہے جہاں نامعلوم افراد نے آ کر رکشے پر فائرنگ کر دی جہاں (بقیہ نمبر 23)

شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، سید یوسف رضا گیلانی

سانحہ کارساز کی وہ دلخراش رات آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سانحہ کارساز کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سانحہ کارساز کی وہ دلخراش رات آج بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے، میں خود اس ٹرک پر موجود تھا۔شہدا میں کچھ ایسے افراد کی میتیں (بقیہ نمبر 25)

پشاور، گورنر فیصل کریم کنڈی کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کے 59ویں کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد جیل منصوبے کا دورہ

منصوبے کو منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے اور اس دوران تعمیراتی کام کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

تعمیراتی معیار برقرار رکھا جائے اور منصوبے میں تمام ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، چیئرمین سی ڈی اے کی افسران کو ہدایت

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اور چیف کمشنر سہیل اشرف نے اسلام آباد جیل منصوبے کی سائٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، منصوبے کی موجودہ صورتحال اور تکمیل کی مقررہ مدت کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل (سروسز) سی ڈی اے، متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور اسلام آباد جیل (بقیہ نمبر 1)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اور چیف کمشنر سہیل اشرف اسلام آباد جیل منصوبے کی سائٹ کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستانی ای پاسپورٹ کی نئی فیسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستانی ای پاسپورٹ کی نئی فیسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا، جس میں تمام کیٹیگریز کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔آج سے پاسپورٹ بنوانے کے نظام میں تبدیلی کے ساتھ ہی ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے پاکستانی شہریوں کے لیے ای پاسپورٹ کی فیسوں کے (بقیہ نمبر 15)

انسانی جان و مال کو بجلی حادثات سے محفوظ رکھنا اولین ترجیح ہے

آئیسکو کا بجلی حادثات کی روک تھام کیلئے مؤثر حفاظتی اقدامات جاری رکھنے کا عزم

انجینئر چوہدری خالد محمود، چیف ایگزیکٹو آئیسکو کی قیادت میں آئیسکو سٹاف متحرک

اسلام آباد (این ای این) انسانی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کی اولین ترجیح ہے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، بورڈ کے معزز اراکین اور چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چودھری خالد محمود کی قیادت میں بجلی سے متعلقہ حادثات کی روک تھام اور صارفین کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں، جن کے باعث گزشتہ چند سالوں کے دوران بجلی حادثات میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔آئیسکو انتظامیہ نے بجلی کی لٹکتی اور خطرناک تاروں، گھروں اور دیگر عمارتوں کے قریب سے گزرنے والی بجلی کی لائنوں اور کمزور بجلی کے کھمبوں کو محفوظ بنانے، خطرناک تنصیبات کی اصلاح اور ضرورت کے مطابق انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لیے ایک بھرپور حفاظتی آپریشن شروع کر رکھا ہے۔ایک صارف دوست ادارے کی حیثیت سے آئیسکو ان حفاظتی (بقیہ نمبر 13)

ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کا ساہیوال اولڈ ایج ہوم کا دورہ

بزرگوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اظہار اطمینان

ساہیوال (آئی آئی پی) ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال اولڈ ایج ہوم کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اولڈ ایج ہوم میں مقیم بزرگوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات، دیکھ بھال اور دیگر انتظامات کے (بقیہ نمبر 20)

مصری صدر کا 2030 میں اقتدار چھوڑنے کا اعلان

میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ مصری آئین کو ہاتھ نہیں لگایا جائے گا، مصری صدر

قاہرہ (آئی آئی پی) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے واضح اعلان کیا ہے کہ وہ اپنی موجودہ صدارتی مدت مکمل ہونے کے بعد 2030 میں عہدہ چھوڑ دیں گے اور آئین میں کسی قسم کی ترمیم نہیں کی جائے گی۔ یہ بات 71 سالہ صدر السیسی نے ہفتہ کے روز (بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کو دانش اسکول اسلام آباد کے حوالے سے بریفنگ دی گئی



وزیراعظم شہباز شریف نے دانش سکول اسلام آباد کا افتتاح کر دیا

غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومتی وژن کا حصہ قرار



مالی وسائل کی کمی ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار میں بڑی رکاوٹ ہے، وزیراعظم شہباز شریف

ملک بھر میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں، تعلیم کے مساوی مواقع کی فراہمی کے لیے دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مالی وسائل کی کمی لاکھوں ذہین بچوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، دانش سکولوں کا قیام غریب اور مستحق بچوں کو معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے وژن کا حصہ ہے، دانش سکولوں کا مقصد ان بچوں کو ملک کے ممتاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بلکہ ان سے بہتر تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی محنت، قابلیت اور صلاحیتوں سے ملک وقوم کی ترقی میں کردار ادا کرسکیں، ملک بھر میں دانش سکولوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے اور اس وقت مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں۔ ان خیالات کا

جدوجہد جاری رکھی، اس کے والد محنتی اور تعلیم دوست پاکستانی ہیں، تاہم ان کے پاس اپنی بیٹی کو تعلیم دلانے کے لیے مطلوبہ مالی وسائل نہیں تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں لاکھوں ذہین اور باصلاحیت لڑکے اور لڑکیاں موجود ہیں جو اپنی محنت، قابلیت اور مسلسل کوششوں سے نہ صرف اپنی زندگی بدل سکتے ہیں بلکہ پاکستان کو اقوام عالم میں ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ غریب خاندانوں کے والدین شدید گرمی اور سردی میں کھیتوں، کھلیانوں اور کارخانوں میں محنت کر کے حلال روزی کماتے ہیں، لیکن اس کے باوجود ان کے

ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ پنجاب کے خادم تھے تو ان کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ امیر خاندانوں کے بچے ایچی سن کالج جیسے ممتاز تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کر سکتے ہیں، جبکہ ملک کے دور دراز علاقوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے غریب ترین خاندانوں کے ذہین بچے ایسے اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسی وژن کے تحت 2010 میں ان کی ٹیم نے دانش سکولوں کے قیام کا فیصلہ کیا تاکہ معاشرے کے محروم طبقات کے بچوں کو بھی معیاری تعلیم کے وہی مواقع میسر آسکیں جو صاحب ثروت خاندانوں کے بچوں کو حاصل ہیں۔ دانش سکولوں کا مقصد ایچی سن کالج اور دیگر معروف گرامر سکولوں کے معیار کے برابر تعلیم فراہم کرنا ہی نہیں بلکہ ان سے بہتر تعلیمی معیار حاصل کرنا بھی تھا۔ انہوں نے بہاولپور سے تعلق رکھنے والی طالبہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس نے بچپن میں اپنے والد کو کھو دیا تھا اور اسے محسوس ہوا کہ اس کے تمام خواب ختم ہوگئے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے کامیابی کی راہ ہموار کی اور وہ ڈاکٹر بن کر دکھی انسانیت کی خدمت کے قابل ہوئی۔ انہوں نے ایک ایسے نوجوان کا بھی ذکر کیا جو دانش سکول

تھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے لیے لاکھوں لوگوں نے قربانیاں دیں، خون کے دریا عبور کیے اور اپنے گھربار چھوڑے تاکہ سامراجی غلامی سے نجات حاصل کرکے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ایک ایسے ملک میں زندگی گزار سکیں جہاں ناانصافی کا خاتمہ ہو اور ہر شخص اپنی محنت، قابلیت، امانت اور دیانت کی بنیاد پر مقام حاصل کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے پاکستان میں ہر بچے کو مساوی مواقع ملنے چاہئیں، خواہ وہ امیر خاندان سے تعلق رکھتا ہو یا غریب گھرانے سے، یتیم ہو یا مزدور کا بیٹا یا بیٹی، جب تک تمام بچوں کو تعلیم اور علاج کے مساوی مواقع فراہم نہیں کیے جاتے، اس وقت تک پاکستان کو قائداعظم کے تصور کے مطابق ملک نہیں بنایا جا سکتا۔ وزیراعظم نے دانش سکولوں میں مختلف صوبوں اور علاقوں سے آنے والے طلبہ کے تجربات کا حوالہ دیتے

دیگر صوبوں کے بچوں کو ایسی شفقت اور اپنائیت ملی جیسے ایک ماں اپنے بچوں کے ساتھ پیش آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانش سکول نے ان بچوں کو یہ احساس دلایا کہ یہی اصل پاکستان ہے جہاں سب برابر ہیں اور سب ایک ہیں، خواہ ان کا تعلق بلوچستان، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا آزاد جموں و کشمیر یا گلگت بلتستان سے ہو۔ انہوں نے کہا کہ دانش سکولوں سے ہزاروں طلبہ فارغ التحصیل ہو چکے ہیں اور وہ ڈاکٹرز، انجینئرز، پولیس افسران، بیوروکریٹس، سیلز منیجرز اور اساتذہ سمیت مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ دانش سکول اور پنجاب ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ، جو اب پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ بن چکا ہے، قائداعظم کے اس خواب کی تعبیر ہیں کہ کراچی سے پشاور تک ہر بچے کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع حاصل ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکولوں کا دائرہ اب پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے

پنجاب، سندھ، بلوچستان اور گلگت بلتستان کے علاقوں، بشمول سکردو، سے تعلق رکھنے والے طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یہ طلبہ پاکستان کے خوبصورت گلدستے کی مانند ہیں اور دانش سکولوں کے ذریعے قومی یکجہتی اور مساوات کا پیغام مزید پھیل رہا ہے۔ وزیراعظم نے منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم

احمد خان، سیکرٹری تعلیم ندیم محمود سمیت متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے ان وزرا، سیکرٹریز، ڈپٹی کمشنرز، چیف سیکرٹریز اور وزرائے اعلیٰ کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے دانش سکولوں کے لیے زمینوں کے انتخاب اور دیگر انتظامی امور میں تعاون کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دانش سکولوں میں آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریاں قائم کرنے اور جدید علوم و ٹیکنالوجی تک طلبہ کی رسائی کو فروغ دینے پر توجہ دی جائے تاکہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جدید مہارتیں حاصل کرکے پاکستان اور دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش سکول کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے موقع پر

سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعظم دانش سکول میں زیر تعلیم طالب علموں سے بھی ملے اور ان سے شفقت بھری گفتگو کی۔ وزیراعظم نے مشکل حالات کے باوجود تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے جذبے کو سراہا۔ اس موقع پر بچوں نے وزیراعظم کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم کو دانش سکول کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی جس میں بتایا گیا کہ دانش سکول اسلام آباد 130 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے، طلبہ اور طالبات کیلئے الگ الگ اکیڈمک بلاکس بنائے گئے ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس اور روبوٹکس لیبز بنائی گئی ہیں۔ ای لائبریری اور آرٹ روم بھی بنائے گئے ہیں،

قائداعظم کے پاکستان میں ہر بچے کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں، وزیراعظم پاکستان

دانش سکول قومی یکجہتی، مساوات اور بین الصوبائی ہم آہنگی کی علامت ہیں، شہباز شریف

دانش سکولوں میں آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریاں قائم کرنے پر توجہ دینے کی ہدایت

ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار طلبہ وطالبات کو سو فیصد میرٹ پر داخلہ دیا گیا

دانش سکولوں کا مقصد ممتاز تعلیمی اداروں کے ہم پلہ بلکہ ان سے بہتر تعلیم فراہم کرنا ہے

اور آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، | والی ٹیم وفاقی وزرا خالد مقبول صدیقی، | کلاس رومز، سائنس، آئی ٹی اینڈ روبوٹکس | سکول میں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے

اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں اسلام آباد میں دانش سکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ آج یہاں صرف وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے نہیں بلکہ عوام کے ایک خادم کی حیثیت سے موجود ہیں اور تقریب میں دکھائی جانے والی دستاویزی فلموں، طلبہ کے تاثرات اور دانش سکولوں سے فارغ التحصیل طلبہ کی کامیابیوں نے انہیں بے حد متاثر کیا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والی خصوصی صلاحیتوں کی حامل ایک طالبہ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ اس نے زندگی کی مشکلات کے باوجود امید نہیں چھوڑی اور ثابت قدمی سے اپنی

لیے تعلیم، صحت اور زندگی کی دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا

میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ڈاکٹر بنا، اس کی والدہ بھی تقریب میں موجود

ہوئے کہا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایک طالب علم نے بتایا کہ جب وہ ڈیرہ غازی خان کے لیے دانش سکول پہنچا تو اسے خدشہ تھا کہ پنجاب میں اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا، لیکن وہاں اسے اور

بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں۔ ان منصوبوں کے لیے وسائل فراہم کیے گئے ہیں اور متعلقہ ٹیموں نے دن رات محنت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانش سکولوں میں شمالی وزیرستان، کرک، ڈیرہ اسماعیل خان،

احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود

لیبز اور آرٹ روم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ کو فراہم کی جانے والی تعلیمی

شروع کی گئی ہیں اور ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچوں کو سو فیصد میرٹ پر داخل کیا گیا ہے، 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے اور ضرورت کے مطابق تدریسی سٹاف میں اضافہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 1

کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اسلام آباد جیل منصوبے کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام سمیت ضروری بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر چیئرمین سی ڈی اے کو منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے تعمیراتی کام کے معیار اور مقررہ معیارات پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ منصوبے کو منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے اور اس دوران تعمیراتی کام کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے ۔*چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا اسلام آباد جیل کے منصوبہ کا دورہ سی ڈی اے کی اہم منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور مؤثر رابطہ کاری و انتظامی نگرانی کے ذریعے ان کی بروقت تکمیل کے لیے سی ڈی اے کے عزم کا عکاس ہے۔*چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اپنے دورے کے دوران اس امر پر زور دیا کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے ، تعمیراتی معیار برقرار رکھا جائے اور منصوبے میں تمام ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 2

کمپارٹمنٹ نوٹیفائڈ ہے، 7 مزید ایف ایم ڈی کمپارٹمنٹ اس سال بنیں گے۔ایف ایم ڈی کمپارٹمنٹ بننے سے پنجاب سے مویشیوں کی چین، یورپ، امریکہ کو ایکسپورٹ کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔پنجاب سے اینیمل ایکسپورٹ میں 43 فیصد اضافہ ہوا ہے،لائیو سٹاک کارڈ کے 129581 مویشی برآمد کیے گئے -پنجاب میں 5 میٹ پراسسنگ پلانٹ،5 ماڈرن سلاٹر ہاس اور میٹ پراسسنگ پلانٹ قائم ہوں گے -میٹ پیکنگ ہاس، کمرشل سکیل فیڈلاٹ اور کارپوریٹ فیڈلاٹ بھی قائم ہوں گے۔ حکومت پنجاب لائیوسٹاک اینٹی گریٹڈ ویلیو انوسٹمنٹ کیلئے 19 ارب روپے فنانسنگ سبسڈی دے گی -میٹ ویلیو چین کیلئے 56 ارب روپے پرائیویٹ سرمایہ کاری متوقع ہے۔پنجاب میں پہلی مرتبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت ایف ایم ڈی ویکسین پروڈیکشن یونٹ قائم کیا جائے گا جس میں 28 ارب روپے کی پرائیویٹ سرمایہ کاری ہوگی۔لاہور سے 20 ہزار، بہاولپور سے 24297، فیصل آباد سے 12529، گوجرانوالہ اور گجرات سے 21 ہزار، ملتان سے 27 ہزار، sسرگودھا سے 22 ہزار، ساہیوال سے 2661 مویشی ایکسپورٹ ہوئے -لائیوسٹاک کنکٹ سسٹم کے تحت 1725 فیٹنگ فارم، 20 ایکسپورٹ مذبح، 88 میٹ ایکسپورٹر اور 34 میٹ ٹریڈرز سے براہ راست رابطے ہیں-لائیوسٹاک کارڈ کے اجرا سے پنجاب میں دیہی خواتین فارمرز کی تعداد 90 سے 1107 تک پہنچ گئی-وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہاکہ پنجاب کے لائیوسٹاک فارمرز کو نیشنل ایکسپورٹرز اور انٹرنیشنل ویب سائٹس کے ساتھ منسلک کرنا چاہتے ہیں-پنجاب کو خطے میں لائیوسٹاک کا ہب بنانا ہدف ہے۔

بقیہ 3

شاہراہوں پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے ۔ایر علیوٹ ٹریفک حادثے کے تناظر میں چیف ٹریفک آفیسر مری کی خصوصی ہدایات، ڈرائیورز پیدل چلنے والوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں، تیز رفتاری اور لاپرواہی سے گریز کریں۔ چیف ٹریفک آفیسر مری کا ٹریفک وارڈنز کو خصوصی احکامات، شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے ساتھ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے ۔ چیف ٹریفک آفیسر مری کی شہریوں اور سیاحوں سے اپیل، ڈرائیونگ کے دوران احتیاط کریں، رفتار محدود رکھیں اور سڑک عبور کرنے والے پیدل افراد کو ترجیح دیں۔مری کی شاہراہوں پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی، چیف ٹریفک آفیسر مری کی ٹریفک عملے کو مؤثر نگرانی اور قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت۔ چیف ٹریفک آفیسر مری کی ہدایت پر ٹریفک وارڈنز شاہراہوں پر خصوصی توجہ دیں، غفلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے ۔شہریوں اور سیاحوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے ، چیف ٹریفک آفیسر مری کی ٹریفک وارڈنز کو ٹریفک نظم وضبط بہتر بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لیے خصوصی ہدایات۔

بقیہ 4

ذرائع ابلاغ اور تعلیمی اداروں کیا اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بھر کی خواتین اپنی صحت کو اہمیت دیں اور صحت سے متعلق کسی بھی تشویش کی صورت میں طبی معاونت حاصل کرنے میں ہرگز ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ انہوں نے یہ بات چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو (آج) پیر 19 اکتوبر کو منایا جائیگا ۔ آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ میں پاکستان بھر کی خواتین کو یاد دہانی کراتی ہوں کہ ان کی صحت ترجیح رکھتی ہے، جب بھی انہیں اپنی صحت کے حوالے سے تشویش ہوتو انہیں طبی مشورہ لینے میں ہرگز ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ چھاتی کا سرطان بہت مختلف حالات سے تعلق رکھنے والی خواتین اور ان کے خاندانوں کو متاثر کرتا ہے۔ اس بیماری کا سامنا کرنے والی خاتون کے لیے یہ وقت خوف اور بے یقینی کا باعث بن سکتا ہے۔ ان کے خاندان کے لیے بھی یہ ایک مشکل وقت ہوتا ہے۔ اسی لیے اس بیماری کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا اور متاثرہ خواتین کو مدد فراہم کرنا بہت اہم ہے۔

بقیہ 5

تک ایک لاکھ 48 ہزار 204 شکایات موصول ہوچکی ہیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 43 ہزار 714 زیادہ ہیں۔ دستاویز کے مطابق مالی فراڈ، بلیک میلنگ اور ہراسانی سے متعلق شکایات میں نمایاں اضافہ ہوا، مالی فراڈ کی شکایات 49 ہزار 982 سے بڑھ کر 71 ہزار 51 تک پہنچ گئیں۔ بلیک میلنگ، ہراسانی اور ہتک عزت سےمتعلق شکایات کی تعداد 50 ہزار 782 رہی، شناخت کی نقالی کے واقعات میں بھی دوگنا سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایسی شکایات گزشتہ سال ایک ہزار 768 تھیں، جو بڑھ کر 4 ہزار 60 ہوگئیں۔ دستاویز کیمطابق بچوں سے متعلق فحش مواد کی شکایات میں کمی آئی ہے، گزشتہ سال 236 شکایات کیمقابلےمیں رواں سال یہ تعداد 66 رہی، اس حوالے سے 419 انکوائریوں میں سے 90 کو مقدمات میں تبدیل کیا گیا، ریاست مخالف سرگرمیوں سے متعلق شکایات بھی 593 سے کم ہوکر 220 رہ گئیں۔دوسری جانب انسانی اسمگلنگ سے متعلق شکایات ایک سے بڑھ کر 20 ہوگئیں، الیکٹرانک فراڈ اور جعل سازی کے خلاف 17 ہزار 115 انکوائریاں کی گئیں، 2 ہزار 827 مقدمات درج کر کے ایک ہزار 527 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، تاہم سزا صرف چھ مقدمات میں سنائی گئی۔ شناخت کی چوری کے 317 مقدمات میں 325 گرفتاریاں ہوئیں، جبکہ نفرت انگیز تقاریر کے 161 مقدمات درج کر کے 105 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، اہم انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنانے اور سائبر دہشت گردی کے 104 مقدمات درج ہوئے، جن میں 54 گرفتاریاں کی گئیں۔

بقیہ 6

جمہوریت کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے ۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 18 اکتوبر ملکی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر دہشت گردی کے ذریعے انہیں نشانہ بنانے کی بزدلانہ کوشش کی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ استقبال کے لیے آنے والے جیالوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر اپنی قائد کی حفاظت کی۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے جیالوں نے جمہوریت اور عوام کے حق حکمرانی سے غیر متزلزل وابستگی کا بے مثال عملی ثبوت دیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کا لہو گواہی دیتا ہے کہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور تشدد جمہوریت کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے ۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں، قوم انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا مشن آئین کی بالادستی اور عوام کی حکمرانی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مساوات، سماجی انصاف اور پُرامن، خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر شہید بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کا مشن ہے۔

بقیہ 7

کے مطابق ،لڑکی مال روڈ پر ملی جو اپنا گھر کا پتہ اور کسی بھی عزیز کا رابطہ نمبر بتانے سے قاصر تھی اسے ٹی ڈی سی پی آفس مال روڈ میں بحفاظت رکھا گیا اور متعلقہ پولیس و سیف سٹی حکام کو اطلاع دی گئی تاکہ اس کے اہلِ خانہ کا سراغ لگایا جا سکے ۔متعلقہ اداروں کے تعاون اور پنجاب ٹورازم فورس کی بروقت کوششوں سے لڑکی کے والدین کا سراغ لگا لیا گیا اور اسے بحفاظت ان کے حوالے کر دیا گیا۔والدین سے دوبارہ ملاقات کا یہ لمحہ انتہائی جذباتی اور خوشی کا باعث بنا۔ یہ کارروائی اس عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ پنجاب ٹورازم فورس شہریوں اور سیاحوں کی حفاظت، مدد اور خدمت کو اولین ترجیح دیتی ہے۔انسانیت کی خدمت، ہماری اولین ترجیح۔

بقیہ 8

کھڑے تین افراد ہر چڑھ دوڑی جس کے نتیجہ میں محسن عباس نامی نوجوان موقع پر جاں بحق ،رافع عباس اور حمزہ علی شدید زخمی ہوگئے، ڈرائیور کار چھوڑ کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور متوفی مذکور اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا، جہاں شدید زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے، حادثے کا شکار افراد اپنے رشتہ دار کی نکاح کی تقریب میں شرکت کے لیے آئے ہوئے تھے، تھانہ کنڈیاں پولیس نے کار کو قبضہ میں لے کر تھانہ میں بند کردیا اور ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کر کے ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 9

کا خیال اپنے بچوں کی طرح رکھ رہی ہیں، یہی وجہ ہے کہ نوجوانوں میں ان کی مقبولیت بڑھ رہی ہے، مریم نواز کی مقبولیت اور کارکردگی سے خوفزدہ عناصر ہمیشہ ان پر ذاتی حملے کرتے ہیں، اخلاقیات اور تعلیمات کا درس دینے والے بھی بغضِ مریم کا شکار ہیں۔وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز نے عملی کارکردگی دکھائی ہے، اسی لیے عالمی سطح پر ان کی پذیرائی ہورہی ہے۔خیبرپختونخوا میں جعلی تبدیلی اور کھوکھلے نعروں کے سیاہ دور کا خاتمہ ہوچکا ہے، صوبے میں ایمرجنسی لگنے کی ذمہ دار پی ٹی آئی ہے، جس نے قومی مفاد اور صوبے کے امن پر دہشت گردی کو ترجیح دی۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاک فوج اور دیگر سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے دن رات قربانیاں دے رہے ہیں، ایسے موقع پر سیکیورٹی اداروں کے خلاف زبان درازی فورسز کا حوصلہ پست کرنے کے مترادف ہے، پاکستانی قوم اپنے بہادر جوانوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 10

10 سالہ نادر چانڈیو اور 9 سالہ توفیق چانڈیو کے نام سے ہوئی ہے۔ریسکیو حکام نے بتایا کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کی لاشوں اور زخمی شخص کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق حادثے کے بعد ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، جس کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 11

کہ بارش اور برفباری کے باعث سردی کی شدت میں اضافہ محسوس کیا جارہا ہے، جبکہ قدرتی حسن سے مالا مال وادی ہنزہ کے خوبصورت مناظر سیاحوں اور مقامی افراد کی توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔مزید برآں تازہ برفباری نے ہنزہ کے قدرتی حسن کو ایک نیا روپ دے دیا ہے، جس سے وادی کے دلکش مناظر مزید حسین دکھائی دینے لگے ہیں۔

بقیہ 12

کے بیانیہ کی تشہیر کے لیے نئی تنظیم کے ذریعے آپریشن شروع کرنے پر غور کیا گیا۔ 24 جون 2026 کو اظہر احمد، یاسر شفاعت اور ڈاکٹر اشتیاق خالق جیسے فسادی جتھے سے منسلک شرپسندوں کو بھارتی ہائی کمیشن نے آزاد کشمیر میں بدامنی پھیلانے کیلئے تیار کیا۔ بھارتی نشریاتی ادارہ ٹائمز ناؤ سے منسلک زکا جیکب کو وسیع میڈیا کوریج کے ذریعے پاکستان مخالف بیانیے کو ہوا دینے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ جون 2026 کے دوران سازشی منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے بھارتی ہائی کمیشن کا تینوں شرپسندوں کو 17 واٹس ایپ کالز کیے جانے کا انکشاف ہوا، 30 جولائی 2026 کو برطانیہ میں نام نہاد جموں و کشمیر تنظیم ہیومن رائٹس آبزرویٹری (جے کے ایچ آر او) کی رجسٹریشن کی گئی-جون 2026 کو کالعدم ایکشن کمیٹی نے راولاکوٹ اور آزاد کشمیر کی جھوٹ پر مبنی حالات دکھا کر عالمی برادری سے فوری اقدام کے مطالبہ کے متعدد پوسٹس جاری کیں۔انڈین ہائی کمیشن کی بنائی گئی نام نہاد جموں و کشمیر تنظیم ہیومن رائٹس آبزرویٹری جموں کشمیر ہیومن رائٹس آرگنائزیشن (جے کے ایچ آر او) نے اپنی جھوٹی رپورٹس کے ذریعے فسادی جتھے کے بیانیے کا زہر اگلنا شروع کر دیا، حیران کن طور پر صرف چار ماہ پرانی بنائی گئی جے کے ایچ آر او، جس کی کوئی ساکھ نہیں، ایسی نام نہاد تنظیم کے من گھڑت بیانیہ کو دی انڈیپنڈنٹ، ٹائمز ناؤ، کشمیر ٹائمز سمیت متعدد میڈیا اداروں نے اپنی رپورٹس سے مزید پھیلایا۔ بھارتی ہائی کمیشن سے وابستہ پرمود کھیم چندانی ہیومن رائٹس آبزرویٹری (جے کے ایچ آر او) کی رجسٹریشن میں نامزد پائے گئے جس سے مذموم سازش کا پردہ چاک ہوگیا۔

بقیہ 13

اقدامات پر آنے والے اخراجات خود برداشت کر رہا ہے تاکہ صارفین کو محفوظ بجلی کی فراہمی کے ساتھ ان کے جان و مال کا تحفظ بھی یقینی بنایا جا سکے۔ آئیسکو انتظامیہ نے معزز صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھروں، گلیوں، بازاروں اور دیگر مقامات پر بجلی کی لٹکتی تاروں، خطرناک کھمبوں یا کسی بھی غیر محفوظ بجلی کی تنصیب کی نشاندہی فوری طور پر متعلقہ سب ڈویژنل آفیسر (SDO) کے دفتر میں کریں، تاکہ بروقت کارروائی کے ذریعے ممکنہ حادثات کا تدارک کیا جا سکے۔مزید براں، صارفین سے گزارش ہے کہ بجلی کی تاروں کے نیچے یا بجلی کی تنصیبات کے قریب تعمیرات کرنے سے گریز کریں۔ ہنگامی صورتحال میں متعلقہ کمپلینٹ آفس کے نمبر یا ہیلپ لائن نمبر 118 پر فوری رابطہ کریں۔

بقیہ 14

بلکہ خاندانی تنازع تھا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ خاتون نے اپنے ڈرائیور کے ذریعے مبینہ ڈکیتی کا ڈرامہ رچایا۔

بقیہ 15

مکمل شیڈول کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔فیس کا تعین پاسپورٹ کی مدت، صفحات کی تعداد اور نارمل یا ارجنٹ کیٹیگری کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ 36 صفحات کے نارمل ای پاسپورٹ کی فیس 9 ہزار روپے جبکہ 72 صفحات کے پاسپورٹ کی فیس 16 ہزار 500 روپے مقرر ہے۔ارجنٹ پراسیسنگ کے تحت 36 صفحات کے پاسپورٹ کے لیے 15 ہزار روپے اور 72 صفحات کے لیے 27 ہزار روپے ادا کرنا ہوں گے۔ 10 سالہ ای پاسپورٹ کے 36 صفحات کی نارمل فیس 13 ہزار 500 روپے جبکہ 72 صفحات کی فیس 24 ہزار 750 روپے ہے۔ارجنٹ پراسیسنگ کے لیے 36 صفحات کے پاسپورٹ کی فیس 22 ہزار 500 روپے اور 72 صفحات کے پاسپورٹ کی فیس 40 ہزار 500 روپے مقرر ہے۔شہری ای پاسپورٹ کے لیے درخواست دیتے وقت اپنی ضرورت کے مطابق پاسپورٹ کی مدت، صفحات کی تعداد اور پراسیسنگ کیٹیگری کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

بقیہ 16

دوران 490 کلوگرام دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسدادِ دہشت گردی مہم جاری رہے گی اور بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

ذہین اور باصلاحیت لڑکے اور لڑکیاں موجود ہیں جو اپنی محنت، قابلیت اور مسلسل کوششوں سے نہ صرف اپنی زندگی بدل سکتے ہیں بلکہ پاکستان کو اقوام عالم میں ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ غریب خاندانوں کے والدین شدید گرمی اور سردی میں کھیتوں، کھلیانوں اور کارخانوں میں محنت کر کے حلال روزی کماتے ہیں، لیکن اس کے باوجود ان کے لیے تعلیم، صحت اور زندگی کی دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب وہ پنجاب کے خادم تھے تو ان کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ امیر خاندانوں کے بچے ایچی سن کالج جیسے ممتاز تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کر سکتے ہیں، جبکہ ملک کے دور دراز علاقوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے غریب ترین خاندانوں کے ذہین بچے ایسے اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے ۔وزیراعظم نے کہا کہ اسی وژن کے تحت 2010 میں ان کی ٹیم نے دانش سکولوں کے قیام کا فیصلہ کیا تاکہ معاشرے کے محروم طبقات کے بچوں کو بھی معیاری تعلیم کے وہی مواقع میسر آ سکیں جو صاحب ثروت خاندانوں کے بچوں کو حاصل ہیں۔ دانش سکولوں کا مقصد ایچی سن کالج اور دیگر معروف گرامر سکولوں کے معیار کے برابر تعلیم فراہم کرنا ہی نہیں بلکہ ان سے بہتر تعلیمی معیار حاصل کرنا بھی تھا۔انہوں نے بہاولپور سے تعلق رکھنے والی طالبہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس نے بچپن میں اپنے والد کو کھو دیا تھا اور اسے محسوس ہوا کہ اس کے تمام خواب ختم ہو گئے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے کامیابی کی راہ ہموار کی اور وہ ڈاکٹر بن کر دکھی انسانیت کی خدمت کے قابل ہوئی۔ انہوں نے ایک ایسے نوجوان کا بھی ذکر کیا جو دانش سکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ڈاکٹر بنا، اس کی والدہ بھی تقریب میں موجود تھیں۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے لیے لاکھوں لوگوں نے قربانیاں دیں، خون کے دریا عبور کیے اور اپنے گھر بار چھوڑے تاکہ سامراجی غلامی سے نجات حاصل کر کے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ایک ایسے ملک میں زندگی گزار سکیں جہاں ناانصافی کا خاتمہ ہو اور ہر شخص اپنی محنت، قابلیت، امانت اور دیانت کی بنیاد پر مقام حاصل کر سکے ۔انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے پاکستان میں ہر بچے کو مساوی مواقع ملنے چاہئیں، خواہ وہ امیر خاندان سے تعلق رکھتا ہو یا غریب گھرانے سے، یتیم ہو یا مزدور کا بیٹا یا بیٹی، جب تک تمام بچوں کو تعلیم اور علاج کے مساوی مواقع فراہم نہیں کیے جاتے ، اس وقت تک پاکستان کو قائداعظم کے تصور کے مطابق ملک نہیں بنایا جاسکتا۔وزیراعظم نے دانش سکولوں میں مختلف صوبوں اور علاقوں سے آنے والے طلبہ کے تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایک طالب علم نے بتایا کہ جب وہ ڈیرہ غازی خان کے دانش سکول پہنچا تو اسے خدشہ تھا کہ پنجاب میں اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا، لیکن وہاں اسے اور دیگر صوبوں کے بچوں کو ایسی شفقت اور اپنائیت ملی جیسے ایک ماں اپنے بچوں کے ساتھ پیش آتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ دانش سکول نے ان بچوں کو یہ احساس دلایا کہ یہی اصل پاکستان ہے جہاں سب برابر ہیں اور سب ایک ہیں، خواہ ان کا تعلق بلوچستان، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر یا گلگت بلتستان سے ہو۔انہوں نے کہا کہ دانش سکولوں سے ہزاروں طلبہ فارغ التحصیل ہو چکے ہیں اور وہ ڈاکٹرز، انجینئرز، پولیس افسران، بیوروکریٹس، سیلز منیجرز اور اساتذہ سمیت مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ دانش سکول اور پنجاب ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ، جواب پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ بن چکا ہے، قائداعظم کے اس خواب کی تعبیر ہیں کہ کراچی سے پشاور تک ہر بچے کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع حاصل ہوں۔وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکولوں کا دائرہ اب پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے اور آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں۔ ان منصوبوں کے لیے وسائل فراہم کیے گئے ہیں اور متعلقہ ٹیموں نے دن رات محنت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ دانش سکولوں میں شمالی وزیرستان، کرک، ڈیرہ اسماعیل خان، پنجاب، سندھ، بلوچستان اور گلگت بلتستان کے علاقوں، بشمول سکردو، سے تعلق رکھنے والے طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یہ طلبہ پاکستان کے خوبصورت گلدستے کی مانند ہیں اور دانش سکولوں کے ذریعے قومی یکجہتی اور مساوات کا پیغام مزید پھیل رہا ہے۔وزیراعظم نے منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم وفاقی وزرا خالد مقبول صدیقی، احسن اقبال،، عطا اللہ تارڑ شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، سیکرٹری تعلیم ندیم محمود سمیت متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے ان وزرا، سیکرٹریز، ڈپٹی کمشنرز، چیف سیکرٹریز اور وزرائے اعلیٰ کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے دانش سکولوں کے لیے زمینوں کے انتخاب اور دیگر انتظامی امور میں تعاون کیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ دانش سکولوں میں آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کی لیبارٹریاں قائم کرنے اور جدید علوم و ٹیکنالوجی تک طلبہ کی رسائی کو فروغ دینے پر توجہ دی جائے تاکہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جدید مہارتیں حاصل کر کے پاکستان اور دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش سکول کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے موقع پر کلاس رومز، سائنس، آئی ٹی اینڈ روبوٹکس لیبز اور آرٹ روم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا ۔وزیراعظم دانش سکول میں زیر تعلیم طالب علموں سے بھی ملے اور ان سے شفقت بھری گفتگو کی۔وزیر اعظم نے مشکل حالات کے باوجود تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے جذبے کو سراہا۔اس موقع پر بچوں نے وزیراعظم کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا۔وزیراعظم کو دانش سکول کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی جس میں بتایا گیا کہ دانش سکول اسلام آباد 30 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے، طلبہ اور طالبات کیلئے الگ الگ اکیڈمک بلاکس بنائے گئے ہیں، ہر بلاک میں 24 کلاس رومز، آئی ٹی، سائنس اور روبوٹکس لیبز بنائی گئی ہیں۔ای لائبریری اور آرٹ روم بھی بنائے گئے ہیں، سکول میں کلاسز ششم، ہفتم اور ہشتم سے شروع کی گئی ہیں اور ہر کلاس میں 120 بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک کے مختلف علاقوں سے 360 ہونہار بچوں کو سو فیصد میرٹ پر داخل کیا گیا ہے، 38 اساتذہ کو بھرتی کیا گیا ہے اور ضرورت کے مطابق تدریسی سٹاف میں اضافہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 18

کا امن اور عوام کی سلامتی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ دہشت گردی کی ہر شکل کی بلاامتیاز مذمت کی جانی چاہیے، خواہ اس میں کوئی بھی گروہ ملوث ہو یا اس کے سیاسی اثرات کچھ بھی ہوں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے سیاسی جماعتوں، سیکیورٹی فورسز، سرکاری اداروں اور عام شہریوں سب کو نقصان پہنچا ہے۔ دہشت گردوں نے جنازوں اور شادی کی تقریبات کو بھی نشانہ بنایا۔

بقیہ 19

کا کہنا ہے کہ حوثیوں کی جانب سے خمیس مشیط کی طرف داغے گئے 2 بیلسٹک میزائل بھی تباہ کر دیئے۔

بقیہ 20

بارے میں دریافت کیا۔ بزرگوں کو دستیاب سہولیات پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا کہ اولڈ ایج ہوم میں مقیم بزرگ معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی عزت و تکریم، بہتر دیکھ بھال اور بنیادی ضروریات کی فراہمی ریاست کی اہم ذمہ داری ہے۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بزرگوں کو ایسا سازگار ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ خود کو محفوظ، باعزت اور پرسکون محسوس کریں۔

بقیہ 21

قاہرہ کے قریب نئے انتظامی دارالحکومت میں واقع ایجپشن ملٹری اکیڈمی کی گریجویشن تقریب سے خطاب میں کہی، مصری صدر نے کہا کہ میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ مصری آئین کو ہاتھ نہیں لگایا جائے گا۔ 2030 تک کا عرصہ اگر میں زندہ رہا تو میری بطور صدر آخری مدت ہوگا۔ یہ معاملہ مکمل طور پر طے شدہ ہے اور اس پر اب کوئی بحث نہیں ہوگی۔ السیسی نے اعلان کیا کہ 2030 تک کے ملک کی قیادت کے لیے نئی نسل تیار کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے ملٹری اکیڈمی میں 30 ماہ کا خصوصی لیڈرشپ پروگرام شروع کیا جائے گا۔ ان کے مطابق یہ پروگرام پی ایچ ڈی ہولڈرز اور ملکی و غیر ملکی جامعات کے قابل افراد کے لیے ہوگا، جنہیں ریاست، وسائل اور حکمرانی کے امور پر تربیت دی جائے گی۔

بقیہ 22

کے باہر پارک تھی، جہاں سے مسلح ملزمان گاڑی چھین کر فرار ہوگئے۔ گاڑی چھینے جانے کے بعد ریحان نے ٹریکر کی مدد سے اپنی گاڑی کا تعاقب شروع کر دیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ صدر کے علاقے میں ریحان اپنی چھینی گئی گاڑی کے قریب پہنچا تو مسلح ڈاکوؤں نے اس پر فائرنگ کر دی۔

بقیہ 23

رکشے میں سوار دو خواتین گولیاں لگنے سے موقع پر جاں بحق ہوگئی ہیں۔ پولیس نے کہا کہ نامعلوم افراد فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جبکہ واقعے کے بعد بڑی تعداد میں لوگ رکشہ کے گرد جمع ہوگئے۔

بقیہ 24

خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے مملکت سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے مکمل یکجہتی اور حمایت کا اعادہ کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان، مصر، ترکیہ اور سعودی عرب پر مشتمل آر فور (R-4) فریم ورک کے تحت تعاون پر بھی گفتگو کی اور باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی امور پر رابطہ و ہم آہنگی بڑھانے کے لیے آر فور کا آئندہ اجلاس جلد منعقد کرنے کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 25

بھی شامل تھیں جن کی شناخت اس وقت معلوم نہ ہو سکی، اس المناک سانحے نے جمہوریت کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی ایک دردناک تاریخ رقم کی، شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ چیئرمین سینیٹ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہدا کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے، جس نے جمہوریت سے وابستگی، سیاسی استقامت اور قومی عزم کی ایسی داستان رقم کی جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ شہدا کا لہو پاکستان میں جمہوری اقدار کے استحکام کی جدوجہد کا روشن باب ہے۔

بقیہ 26

آئل پائپ لائن کی منظوری حاصل کرنے میں مدد فراہم کی۔ کونسل کے تعاون سے جیٹ گرین کے 30 لاکھ ڈالر مالیت کے نجی ایئر لائن منصوبے کی زیر التواء منظوریوں کا عمل مکمل کیا گیا۔

بقیہ 27

دینے والے ہر شہری کیلئے ای ٹیگ کی رسید حاصل کرنا ضروری ہے۔ فیصل کامران نے کہا کہ ای ٹیگ سے شہری کی شکایت پولیس اور وزیر اعلی پنجاب کے متعلقہ ڈیٹا بیس میں درج ہوتی ہے۔ ای ٹیگ کی بدولت شکایت پر کارروائی کی نگرانی اور متعلقہ افسر سے جواب طلبی آسان ہوتی ہے۔ شہری درخواست جمع کرانے کے بعد کمپیوٹرائزڈ رسید لیے بغیر تھانے سے نہ نکلیں۔

بقیہ 28

7 سالہ بچی بھی شامل ہے جبکہ اب تک 6 لاشوں کی شناخت کی جاچکی ہے۔ حکام کے مطابق رات کے وقت اچانک بارش شروع ہونے کے دوران مذہبی تقریب کے پنڈال کے باہر موجود ہجوم میں افراتفری پھیل گئی، بارش کے دوران پنڈال میں داخلے کے منتظر افراد کا ہجوم اچانک آگے بڑھا جس کے نتیجے میں بھگدڑ مچ گئی۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال بھی کمبھ میلے کے دوران بھگدڑ سے 30 افراد ہلاک ہوئے تھے جبکہ بنگلورو میں مقامی کرکٹ ٹیم کی انڈین پریمیئر لیگ میں پہلی کامیابی کے جشن کے دوران بھی 11 افراد کچلے جانے سے ہلاک ہوگئے تھے۔

بقیہ 29

ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں، تاہم ایک بڑی تعداد گزشتہ کئی برسوں سے کینیڈا، امریکا، برطانیہ اور یورپ کو اپنا مستقل مسکن بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض افسران نے سرکاری ملازمت کے دوران ہی بیرونِ ملک مستقل سکونت اختیار کرنے کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی کی، جس سے ان کی ملازمت کے دوران وطن اور سرکاری ذمہ داریوں کے ساتھ وابستگی کے بارے میں سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ وفاقی وزیر دفاع نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں سے سرکاری افسران کی بیرونِ ملک منتقلی کے حوالے سے پرتگال کا نام سامنے آ رہا ہے اور وہ چند ماہ قبل بھی اس موضوع پر ایکس پر بیان دے چکے ہیں۔ خواجہ آصف نے دعویٰ کیا کہ اس سلسلے میں جن افسران کے نام سامنے آ رہے ہیں، وہ برسوں سے مختلف حکومتوں کی توجہ اور سرپرستی حاصل کرتے رہے ہیں اور اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ مستقل رہائش (پی آر) کے حصول میں مبینہ سہولت کاری کرنے والا ایک شخص متعدد دولت مند بیوروکریٹس سے بھاری رقوم وصول کرنے کے بعد فرار ہے، اس معاملے سے متعلق مختلف کہانیاں گردش کر رہی ہیں، تاہم انہوں نے اپنے بیان میں متعلقہ افسران، مبینہ سہولت کار یا مالی لین دین کے حوالے سے تفصیلی شواہد پیش نہیں کیے۔ وفاقی وزیر دفاع نے سوال اٹھایا کہ جو لوگ اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز رہے، جنہیں وطن نے عزت دی، جنہیں جائز یا ناجائز ذرائع سے دولت جمع کرنے کے مواقع میسر آئے اور جو سیاست دانوں کے منظور نظر رہے، کیا ان کی ملک کے ساتھ وابستگی کو ملازمت کے پورے دورانیے میں شک و شبہے سے بالاتر سمجھا جاسکتا ہے؟۔

بقیہ 30

سرکاری سکول ٹیچر نوید شبیر کے گھر سے پانچ لاکھ روپے نقدی چوری کر لی گئی۔ مطوعہ ڈھوک راجپوتاں میں ذیشان احمد کے کریانہ سٹور کے تالے توڑ کر 40 ہزار روپے مالیت کا سامان لے اڑے، جبکہ مندرہ چکوال موڑ سے 25 ہزار روپے چوری ہونے کی اطلاع بھی پولیس کو دی گئی۔ شہری حلقوں نے بڑھتی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گھروں، کاروباری مراکز اور مویشیوں تک کا محفوظ نہ رہنا لمحہ فکریہ ہے؛ آئے روز کی وارداتیں شہریوں کو قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے کے ساتھ احساسِ تحفظ بھی چھین رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی اور مسلسل نگرانی یقینی نہ بنائی گئی تو صورت حال مزید سنگین ہوسکتی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق تمام واقعات کے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی گئی ہے ۔ شہری حلقوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محض مقدمات کے اندراج تک محدود رہنے کے بجائے ملزمان کی گرفتاری، مسروقہ مال کی برآمدگی اور گشت کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 31

ڈرائیونگ لائسنس بذریعہ ٹی سی ایس شہریوں کی دہلیز تک پہنچائے جائیں گے۔سی ٹی او کائنات اظہر خان نے کہا کہ شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کی وصولی کے لیے اب دفاتر کے غیر ضروری چکر لگانے کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری آن لائن درخواست دیتے وقت اپنا مکمل نام، درست رہائشی پتہ اور فعال موبائل نمبر درج کریں، غلط یا نامکمل پتہ درج کرنے سے ڈرائیونگ لائسنس کی ترسیل میں تاخیر ہوسکتی ہے۔سی ٹی او کائنات اظہر خان نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کو جدید اور آسان آن لائن سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے، شہریوں کی سہولت اور وقت کی بچت اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 32

اعداد وشمار کے مطابق ستمبر 2026 میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 1.647 ارب ڈالر رہیں جو اگست 2026 کے 1.565 ارب ڈالر کے مقابلے میں 5 فیصد اور گزشتہ سال ستمبر کے 1.573 ارب ڈالر کے مقابلے میں بھی 5 فیصد زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ملک کی مجموعی برآمدات 8.445 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 7.599 ارب ڈالر کے مقابلے میں 11 فیصد زیادہ ہیں۔

بقیہ 33

پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 34

سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 35

،ان کی تنخواہوں اور نوکریوں پر انگلیاں اٹھاتے رہے ہیں اور آج اقتدار سے مایوسی کے باعث دہشتگردی کی مذمت کرنے اور دہشتگردی کے خاتمہ کے لیے کردار ادا کرنے کی بجائے سیاسی محاذ کھولے بیٹھے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے۔ اختر ڈار نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کو کیا پتہ کہ نوکری کیا ہے ،رزق حلال کیا ہے، وطن کے لیے جانیں قربان کرنا کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی جائیدادوں اثاثوں کی منی ٹریل عوام کے سامنے لے کر آئیں اور ٹیکس گوشواروں کا حساب بھی عوام کے سامنے رکھیں تاکہ واضح ہو سکے کہ دین اسلام کی باتیں کرنے والے قوم کو نصیحتیں کرنے والے خود معاملات زندگی کس طرح چلا رہے ہیں اور ان کا ذریعہ آمدن کیا ہے۔

بقیہ 36

کے لیے ایک چیلنج بن چکا تھا جبکہ شہریوں میں بھی خوف و ہراس پایا جاتا تھا۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ گینگ نے گزشتہ تین ماہ کے دوران چکوال شہر میں بھی کریانہ اسٹورز اور شاپنگ مالز کو نشانہ بناتے ہوئے دن دہاڑے مسلح ڈکیتی کی چار وارداتیں کی تھیں۔ گرفتار ملزمان کی شناخت درج ذیل ناموں سے ہوئی ہے: محمد ندیم ولد محمد لطیف، ساکن ڈھوک فضل آباد داخلی لنگاہ ضلع چکوال، محسن علی ولد مبارک علی، ساکن محلہ بڑکی جدید تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی، شاہد سعید ولد سعید احمد ساکن راماں تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی، زین عباس ولد نیاز حسین ساکن کھوڑ، تحصیل پنڈی گھیب ضلع اٹک شامل ہیں۔ سی سی ڈی ذرائع نے چاروں ملزمان کی گرفتاری کی تصدیق کردی ہے۔ تاہم ملزمان سے ممکنہ برآمدگیوں اور مزید تفتیش سے متعلق تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 37

معائنے، طبی چیک اپ اور دیگر علاج کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات مہیا کرنا اور دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے ۔ چیئرمین پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن بابر اورنگزیب چوہدری نے فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ القدس سنٹر جیسے منصوبے قابلِ تحسین ہیں، جو مستحق مریضوں کے لیے امید اور سہولت کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ وفد میں ثانیہ اعوان ملک، عمر فاروق، عثمان مغل اور صابر راہی بھی شامل تھے۔

بقیہ 38

شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ 39

گیا یہ کیفے لاہور سفاری زو کے ری ویمپنگ منصوبے کا حصہ ہے۔ انتظامیہ کے مطابق کیفے کو جلد عوام کے لیے کھولنے کی تیاری کی جارہی ہے۔

بقیہ 40

کیا۔ بایاں بازو اور پاؤں مفلوج ہونے کے باوجود پلوشہ شہزادی نے تعلیم جاری رکھی اور وکالت کے شعبے میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ بلند حوصلہ نوجوان وکیل پلوشہ شہزادی نے بتایا کہ وکالت کا پیشہ اختیار کرنے کی مخالفت کرنے والے ساتھی بھی آج انکی صلاحیتوں اور محنت کا اعتراف کرتے ہیں۔ پلوشہ شہزادی نے کہا کہ معذور افراد بھی قانون کے شعبے میں اپنا مقام بنا سکتے ہیں، اہلخانہ کی سپورٹ ہوتو کچھ بھی ناممکن نہیں۔ کوئٹہ کی باصلاحیت بیٹی پلوشہ شہزادی کا اگلا ہدف مقابلے کا امتحان پاس کر کے مجسٹریٹ بن کر ملک کا نام روشن کرنا ہے۔

بقیہ 41

کا پھیلاؤ بھی شدت اختیار کر رہا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری شہریوں نے کینٹ بورڈ کی غلط پالیسیوں پر عائد کی ہے۔ اہلیانِ علاقہ نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران کینٹ کے اندر نئے انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینکوں کی تعمیر، ٹیوب ویلز کو فعال بنانے اور نئی پائپ لائنز بچھانے کے لیے رکن قومی اسمبلی و چیئرمین قائمہ کمیٹی ملک ابرار احمد نے کروڑوں روپے کے فنڈز فراہم کیے، حتیٰ کہ بجلی کے بریک ڈاؤن سے ہٹ کر ٹیوب ویلز کو فعال رکھنے کی خاطر 10 کروڑ روپے کی خصوصی گرانٹ سے سولر سسٹم کا منصوبہ بھی دیا گیا تاکہ شہریوں کو بلاتعطل پانی مل سکے۔ اہلیانِ علاقہ کا کہنا ہے کہ اتنے وسیع انفراسٹرکچر اور خطیر حکومتی فنڈز کے باوجود 48 گھنٹوں بعد پانی کی فراہمی سمجھ سے بالاتر اور انتظامی نااہلی کا کھلا ثبوت ہے۔ شہریوں نے الزام عائد کیا کہ کینٹ بورڈ کے شعبہ واٹر سپلائی کے نچلے عملے پر مشتمل مافیا نے پانی کی فراہمی کا ایک مخصوص اور من پسند نظام بنا رکھا ہے۔

بقیہ 42

اور جعلی عامل گھر سے نقدی، زیورات، قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے مفرور ملزم کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے، جب کہ متاثرین کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ معلوم ہوا کہ گھرانے نے ایک بیمار کے علاج کیلئے عامل کو گھر بلایا تھا، جعلی عامل نے لسی میں نشہ آور چیز ملا کر کہا گھر کے سبھی افراد یہ لسی پی لیں گے تو مریض ٹھیک ہوجائے گا۔

بقیہ 43

کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 768 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ 21 کروڑ 75 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ ڈکیتی، راہزنی، گھریلو چوری اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی چوری میں ملوث 33 گینگز کے 84 ارکان کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے مسروقہ گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، طلائی زیورات، موبائل فونز اور نقدی برآمد کی گئی۔ اسی طرح اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کے خلاف کارروائیوں کے دوران گزشتہ دو ہفتوں میں 515 سے زائد اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اسلحے کی نمائش میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 98 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے آٹھ کلاشنکوفیں و رائفلیں، مختلف بور کے 83 پستول اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ اسلام آباد پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھی مؤثر کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے گزشتہ دو ہفتوں کے دوران 71 ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 10 کلوگرام سے زائد چرس، چار کلوگرام سے زائد ہیروئن، 13 کلوگرام آئس اور شراب کی 874 بوتلیں برآمد کی گئیں۔ مزید برآں، جرائم کی روک تھام اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں 96 سے زائد گرینڈ کومبنگ و سرچ آپریشنز کیے گئے، جن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 44

موقع پر شرکاء نے شہداء کی قربانیوں کو یاد کیا اور ان کی جدوجہد کو خراجِ تحسین پیش کیا تقریب کا بنیادی مقصد سانحہ کارساز کے شہداء کی یاد تازہ کرنا ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنا اور جمہوری جدوجہد میں ان کے کردار کو یاد رکھنا تھا تقریب میں شریک پارٹی کارکنوں نے شہداء کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمہوریت عوامی حقوق اور سیاسی جدوجہد کی اہمیت کو ہمیشہ اجاگر کیا جاتا رہے گا تقریب کی صدارت کرتے ہوئے ضلع صدر میر گل محمد خان جکھرانی کی موجودگی میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پارٹی کارکنوں کی بڑی تعداد کی شرکت نے تقریب کو اہمیت دی جبکہ شرکاء نے شہداء کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے ان کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کشمور کے جنرل سیکریٹری میر الطاف خان کھوسو سیکریٹری اطلاعات ایڈووکیٹ رضا مراد چاچڑ سینئر نائب صدر شفقت حسین میرانی اور تعلقہ کندھکوٹ سٹی جنرل سیکریٹری سید لطف شاہ سمیت دیگر پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے شرکت کی سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک اہم اور المناک واقعہ ہے جس میں 18 اکتوبر 2007ء کو کراچی میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر ان کے استقبالی جلوس کے قریب دھماکے ہوئے تھے اس سانحے میں متعدد افراد جاں بحق اور زخمی ہوئے تھے ۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہر سال اس واقعے میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی یاد میں تقریبات اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے کندھ کوٹ میں منعقدہ اس تقریب کے ذریعے بھی سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیوں کو یاد کیا گیا اور ان کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں ضلع کشمور کی قیادت پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کی شرکت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پارٹی اپنے شہداء کی یاد کو برقرار رکھنے اور ان کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے سرگرم ہے۔

بقیہ 45

دادو اور رحیم یار خان سمیت تقریباً 25 شہروں میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ تنظیم نے خبردار کیا کہ شکایات پر مؤثر کارروائی نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کا دائرہ ملک بھر میں وسیع کیا جائے گا۔ فارما لیگ نے مطالبہ کیا کہ ادویات کی سپلائی کے نظام کو شفاف بنایا جائے اور عوام کی صحت سے متعلق کسی بھی مبینہ خلاف ورزی کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کرکے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ 46

راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 6000 کے قریب افسران سیکورٹی وٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا کہنا تھا کہ سینئر افسران فیلڈ میں فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، روف ٹاپ پر سنائپرز تعینات کئے گئے ہیں، سیف سٹی اور دیگر سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جارہی ہے، مانیٹرنگ کے لئے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ اور ڈولفن سکواڈ سٹیڈیم کے اطراف گشت کر رہے ہیں، شہریوں کی سہولت کے لیے موثر ٹریفک انتظامات کیے گئے ہیں، میچ کے لئے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 47

معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے، جبکہ گزشتہ سال 2025 کے 4,100 داخلوں کے مقابلے میں بھی داخلوں کی شرح میں قریباً 10 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے جو تعلیمی معیار پر عوامی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ چار سالہ اعداد وشمار کے تقابلی جائزے سے ظاہر ہوتا ہے کہ خزاں 2023 میں داخل ہونے والے طلبہ کی تعداد 3,000 تھی جو خزاں 2024 میں کم ہو کر 2,600 رہ گئی تھی، یعنی اس دوران 13.3 فیصد کی کمی دیکھی گئی تاہم خزاں 2025 میں جامعہ نے زبردست بحالی کا مظاہرہ کیا اور داخلوں کی تعداد 57.7 فیصد کے نمایاں اضافے کے ساتھ 4,100 تک پہنچ گئی۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے سمسٹر خزاں 2026 میں داخلوں کی تعداد نے 4500 سے تجاوز کر کے ایک نیا تاریخی سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے اس تاریخی کامیابی پر فیکلٹی اراکین، انتظامی افسران اور ایڈمیشن ٹیموں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی پوری یونیورسٹی برادری کی انتھک محنت کا ثمر ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ہے اور یونیورسٹی میں روایتی زراعت اور لائیو اسٹاک کے علاوہ کمپیوٹر سائنسز، آئی ٹی، سوشل و نیچرل سائنسز، مینجمنٹ سائنسز، انجینئرنگ اور بائیو ٹیکنالوجی جیسے جدید علوم میں طلبہ کی بڑی تعداد میں شمولیت ادارے کے بہترین تعلیمی اور تحقیقی ماحول کا اعتراف ہے۔ یونیورسٹی کے ترجمان و ڈائریکٹر ڈی آئی ٹی ایس ڈاکٹر ندیم احمد ملک نے کہا کہ طلبہ کا بارانی زرعی یونیورسٹی کا انتخاب دراصل جامعہ کی اعلیٰ تعلیمی ساکھ، پریکٹیکل لرننگ اور جدید لیبارٹریز پر مکمل اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کی دور اندیش قیادت اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی مستقبل میں بھی طلبہ کو جدید ترین سہولیات اور معیاری تعلیم کی فراہمی جاری رکھے گی۔

بقیہ 48

کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریونیو امور میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام افسران اپنی کارکردگی بہتر بناتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو معاملات کی باقاعدہ نگرانی، زیر التوا کیسز کی بروقت تکمیل اور سرکاری واجبات کی وصولی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کو ریونیو سے متعلق امور میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 49

اور ہیوی گاڑیوں کو شہر میں داخل ہونے یا چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پابندی کے زمرے میں ٹریکٹر ٹرالیاں، ٹرالرز، ٹرک، لوڈرز اور کنسٹرکشن مشینری بھی شامل ہیں۔ مقررہ اوقات کی خلاف ورزی کرنے والی ہیوی ٹریفک کے خلاف صرف چالان نہیں بلکہ مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ رات کے وقت ہیوی ٹریفک کو قافلوں کی صورت میں مرحلہ وار شہر میں داخل کیا جارہا ہے، جبکہ آئل ٹینکرز کو بھی مقررہ اوقات میں ہی نقل و حرکت کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 50

ایسے میں سوال یہ ہے کہ اگر سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد ہی نہیں کروایا جا سکتا تو اسے چھپوانے کا عوام کو کیا فائدہ؟ محض کاغذی کارروائی اور فوٹو سیشن سے مہنگائی کا جن قابو نہیں آئے گا۔ شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی نے دیہاڑی دار مزدور اور متوسط طبقے کی قوتِ خرید بری طرح متاثر کر دی ہے ، چکن اور سبزیاں بھی کئی خاندانوں کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ شہری حلقوں نے کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سے مطالبہ کیا ہے کہ پرائس مجسٹریٹس اور پیرافورس کو فیلڈ میں متحرک کر کے روزانہ کی بنیاد پر نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا دوٹوک مطالبہ ہے کہ یا تو سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے یا پھر غیر مؤثر نرخ ناموں کی اشاعت پر نظر ثانی کی جائے؛ عوام کو محض دعوے نہیں، عملی ریلیف چاہیے۔

بقیہ 51

،ایس پی راول، ایس پی پوٹھوہار اور دیگر افسران نے سی پی او کو سکیورٹی انتظامات پر بریفنگ دی۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ راولپنڈی پولیس کے 6000 کے قریب افسران سکیورٹی وٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں، روف ٹاپ پر سنائپرز تعینات کئے گئے ہیں، سیف سٹی اور دیگر سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، مانیٹرنگ کے لئے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ سکواڈز اور ڈولفن سکواڈز سٹیڈیم کے اطراف و گردونواح میں گشت کر رہے ہیں، شہریوں کی سہولت کے لیے موثر ٹریفک انتظامات کیے گئے ہیں، میچ کے لئے فول پروف سیکورٹی وٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 52

ہسپتال کے امیر الدین وارڈ میں پیش آیا۔ لیڈی ڈاکٹر زہرہ نے علاج میں دشواری سے بچنے کیلئے خواتین کو وارڈ سے باہر جانے کا کہا تھا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ ہسپتال میں نظم وضبط اور امن وامان برقرار رکھنے کیلئے پولیس نے بروقت کارروائی کی۔ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں دیں گے۔ خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی۔ فیصل کامران نے کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجے میں رکاوٹ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 53

فضائی آلودگی کی شرح 288، پیراگون سٹی میں 278 اور ماڈل ٹاؤن میں 244 ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح ڈی ایچ اے فیز فائیو میں اے کیو آئی 232، چمن پارک میں 229، عسکری ٹین میں 215 اور بیدیاں روڈ پر 200 ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 54

نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر فیصل میر، ڈاکٹر عائشہ شوکت اور مجید غوری نے کی۔ اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007 کا دن پاکستانی تاریخ کا وہ سیاہ ترین دن ہے جب مادرِ جمہوریت شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے تاریخی استقبال کے لیے نکلنے والے پرامن کارواں کو بزدلانہ دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 55

انہوں نے ایوانِ اوقاف میں منعقدہ زونل ناظمین کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور حافظ انیس الرحمٰن، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر سندھو، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈائریکٹر اسٹیٹ اوقاف پنجاب محمد قیصر نعیم اعظم، ڈائریکٹر فنانس اوقاف علوینا فیض، ڈائریکٹر ایگریکلچر ڈاکٹر وقاص الدین خان، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف عظیم حیات، حافظ یوسف، طاہر احمد اور ایاز حبیب، ایم ایس داتا دربار ہسپتال ڈاکٹر جاوید اقبال، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اوقاف احمد الرحمٰن اور اسرار شاہ، زونل ایڈمنسٹریٹرز اوقاف محمد علی خان، رانا احسان، گلزار احمد اور جہانگیر احمد نے شرکت کی، جبکہ زونل ایڈمنسٹریٹرز عبدالشکور، غلام عباس عباسی، ایاز محمود لاشاری، رانا طارق علی، بابر سلطان گوندل اور محمد جمیل احمد نے ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس میں شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ اوقاف کی انتظامی، مالیاتی اور ترقیاتی سرگرمیوں سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ کی خصوصی ہدایات پر ڈائریکٹر لیز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹیٹ اور دو پٹواریوں پر مشتمل خصوصی ٹیموں نے رحیم یار خان، راجن پور اور مٹھن کوٹ کے اوقاف زونز کا دورہ کیا، جہاں سینکڑوں ایکڑ وقف اراضی پر غیر قانونی کاشت کا انکشاف ہوا۔ سیکرٹری اوقاف نے ہدایت کی کہ اس ضمن میں کارروائی کا عمل مکمل کر کے متعلقہ مواضعات میں وقف اراضیات سے محکمانہ آمدن بڑھانے کے لیے سفارشات مرتب کر کے پیش کی جائیں، تاکہ وقف املاک کا مؤثر تحفظ یقینی بنانے کے ساتھ محصولات میں بھی اضافہ کیا جا سکے۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ہدایت کی کہ ڈینگی سے بچاؤ کے لیے حفاظتی تدابیر کو عامۃ الناس تک پہنچانے میں علماء و خطباء بھرپور کردار ادا کریں۔ ڈینگی کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا اور عوام میں آگاہی پیدا کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ڈینگی سے متعلق مقررہ اہداف کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر مانیٹرنگ کی جائے اور ڈینگی لاروا کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے ۔ سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ ماڈل مزارات پر قائم کی جانے والی نئی گیلریوں، بالخصوص اقبال ہال گیلری اور تبرکات مقدسہ کے بارے میں عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ آگاہ کیا جائے، تاکہ زائرین ان تاریخی، مذہبی اور ثقافتی اثاثوں سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی سیاحت کا فروغ، مزارات کی تزئین و آرائش اور تعمیراتی ورثے کی بحالی وقت کا اہم تقاضا ہے، جس کے لیے مربوط منصوبہ بندی اور مسلسل نگرانی ضروری ہے ۔وقف اراضیات کے انتقالات کے حوالے سے ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ وقف املاک کی حفاظت اولین ترجیح ہے ۔ وقف اراضیات کے قانونی و ریکارڈ سے متعلق معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے اور انتقالات کی تکمیل کے لیے نیب کے تعاون سمیت ضروری اقدامات کیے جائیں گے ۔انہوں نے غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے اور وقف اراضیات پر کمرشل اسکیموں اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منصوبہ بندی کو تیزی سے مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمانہ آمدن اور محصولات میں اضافے کے لیے جاری اقدامات کو مزید نتیجہ خیز بنایا جارہا ہے، جبکہ کمرشل و رہائشی یونٹس سے متعلق امور کو بھی مؤثر انداز میں نمٹایا جائے ۔ محکمہ اوقاف میں کارکردگی پر مبنی انتظامی بہتری کا عمل تیزی سے جاری ہے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے ہر سطح پر جواب دہی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے زور دیا کہ مؤثر فالو اَپ، مسلسل نگرانی اور بروقت اقدامات ہی بہترین نتائج کے حصول کی ضمانت ہیں۔ تمام افسران اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی سے ادا کریں اور محکمانہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 56

نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی سے لوٹ مار کا حساب لیں گے، سابقہ صوبائی حکومت میں صوبہ دہشت گردوں کے حوالے کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر نے یہ بھی کہا کہ سہیل آفریدی کہا کرتے تھے کہ میں ترقی کیلیے نہیں، بانی چیئرمین کی آزادی کیلیے آیا ہوں۔

بقیہ 57

زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق 50 کلو آٹے کی تھیلی 7 ہزار 400 روپے میں فروخت ہو رہی ہے، جو ایک عام مزدور، ریڑھی بان اور دیہاڑی دار کی قوتِ خرید سے باہر ہے۔ ایک مزدور جو دن بھر محنت کر کے بمشکل 500 روپے کماتا ہے، وہ اپنے خاندان کے لیے آٹا اور دیگر بنیادی ضروریات کیسے پوری کرے؟ دوسری جانب پنجاب سے بلوچستان کو آٹے کی فراہمی پر پابندی عائد کیے جانے کے باعث قلت پیدا ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس سے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ ژوب کے عوامی سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ حکام فوری طور پر آٹے کے بحران کا نوٹس لیں، مہنگائی پر قابو پائیں اور غریب عوام کو سرکاری نرخوں پر سستا آٹا فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں، تاکہ کوئی بھی خاندان روٹی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 58

گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ملک کو مشرقی اور مغربی سرحدوں پر درپیش سیکیورٹی چیلنجز اس امر کے متقاضی ہیں کہ سرحدی نگرانی، انٹیلی جنس نظام اور انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ 59

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں جبکہ ان کے ہمراہ خاتون اول ساجدہ محمد، کابینہ کے وزراء اور اعلیٰ حکام پر مشتمل وفد بھی پاکستان آئے گا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو دورے کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے جو ان کے اعزاز میں سرکاری ضیافت بھی دیں گے۔ مالدیپ کے صدر وزیراعظم محمد شہباز شریف سے علیحدہ اور وفود کی سطح پر مذاکرات بھی کریں گے۔ دونوں رہنما تجارت، سرمایہ کاری، صحت، تعلیم، سیاحت، زراعت، دفاع، بحری سلامتی اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کا جائزہ لیں گے اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ 60

چاند پر لینڈنگ کا ہدف مقرر کیا ہے ۔ چین کے تعاون سے پاکستان خلائی تحقیق کے میدان میں نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی زراعت، مواصلات، موسمیاتی تبدیلیوں، تعلیم اور قومی سلامتی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ خلائی تحقیق مستقبل کی ترقی، سائنسی دریافتوں اور انسانی علم کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے ۔احسن اقبال نے کہا کہ قرآن مجید انسان کو کائنات کی تخلیق پر غور وفکر کی دعوت دیتا ہے، لہٰذا نوجوانوں میں سائنسی تجسس، تحقیق اور علم کے حصول کا جذبہ پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان سائنس دان ماضی میں فلکیات اور سائنسی تحقیق میں نمایاں مقام رکھتے تھے ، اور پاکستان کو علم و تحقیق کے میدان میں اپنی قیادت دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آگے بڑھنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے اسلام آباد سائنس فیسٹیول میں یونیورسٹی آف نارووال کی پہلی پوزیشن کو نوجوانوں کی صلاحیتوں کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نوجوان علم اور تحقیق کے ذریعے نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں مالی مشکلات کے باعث اعلیٰ تعلیم سے محروم رہ جانے والے طلبہ آج ملک بھر میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ احسن اقبال نے اعلان کیا کہ نوجوانوں میں خلائی علوم سے دلچسپی بڑھانے اور سائنسی شعور اجاگر کرنے کے لیے یونیورسٹی آف نارووال میں پاکستان کا پہلا اسپیس میوزیم قائم کیا جائے گا۔

بقیہ 61

کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

اطلاع گمشدگی

گاڑی نمبر WJ-753 اسلام آباد کا ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد سے جاری کردہ رجسٹریشن کارڈ اور این او سی (NOC) گم ہوگئے ہیں۔ مذکورہ گاڑی البرکہ بینک کے نام پر رجسٹرڈ ہے ۔ اگر مذکورہ دستاویزات کا کوئی غلط استعمال ہوتا ہے تو اس کی ذمہ داری متعلقہ قانون کے مطابق عائد ہوگی۔

رابطہ نمبر: 03099775467

سرکل گوجرخان میں چوری کی وارداتوں کا سلسلہ بے قابو

دو گھروں سے 7 لاکھ روپے نقدی اور 30 لاکھ کے طلائی زیورات غائب، مویشی بھی چوروں کے نشانے پر

گھروں، دکانوں اور مویشیوں کی چوری نے شہریوں کو عدم تحفظ سے دوچار کر دیا، مؤثر اقدامات کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان اور گردونواح میں چوری کی وارداتوں نے شہریوں کی نیندیں حرام کر دیں، دو گھروں سے 7 لاکھ روپے نقدی اور 30 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات چوری کر لیے گئے [illegible] (بقیہ نمبر 30)

ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کیلئے ایک اور بڑی سہولت

ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید اور ڈپلیکیٹ لائسنس کیلئے آن لائن درخواست دے سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی ہدایات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کے لیے ایک اور بڑی سہولت، شہری اب گھر بیٹھے لرنر پرمٹ، ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید اور ڈپلیکیٹ لائسنس کے لیے آن لائن درخواست دے سکیں گے۔ آن لائن سہولیات اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ویب پورٹل سے ون کلک پر حاصل کی جاسکتی ہیں، یہ سہولیات (آج) پیر 19 اکتوبر سے ٹریفک ہیڈ کوارٹر فیض آباد اور دیگر پولیس خدمت مراکز میں مہیا نہ کی جائیں گی۔ تجدید شدہ اور ڈپلیکیٹ (بقیہ نمبر 31)



راولپنڈی: صدر بنک روڈ پر لگے پرانی اور نایاب کتابوں کے سٹال سے شہری کتابیں خرید رہے ہیں

8 دہشت گردوں کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے

پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر ریلوے حنیف عباسی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں 8 دہشت گردوں کی ہلاکت سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑیں گے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک (بقیہ نمبر 34)

فضل الرحمٰن اثاثوں کی منی ٹریل، اپنے ذرائع آمدن بتائیں

دہشتگردی کی مذمت کی بجائے سیاسی محاذ کھولے بیٹھے ہیں، چیئرمین اختر اقبال ڈار

شیخوپورہ (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن پاک فوج اور شہداء کے خلاف زہر افشانی کرنے کی بجائے اپنی طرز سیاست پر نظر دوڑائیں جو ہمیشہ مفادات کے گرد گھومتی ہے اور وہ اپنے مفادات کی خاطر کئی پینترے بدلتے رہتے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن اپنے اثاثوں کی منی ٹریل دیں اور اپنے ذرائع آمدن بتائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن دوسروں کو نصیحت خود میاں فصیحت کے فارمولے پر عمل پیرا ہیں، ماضی قریب میں پاک فوج کے وجوانوں کی شہادتوں (بقیہ نمبر 35)

ٹیکسٹائل برآمدات میں پہلی سہ ماہی کے دوران 5 فیصد اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران سالانہ بنیادوں پر 5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ملک کو 5.024 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات کا حجم 4.775 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ (بقیہ نمبر 32)

افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی (بقیہ نمبر 33)

وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث چار رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ گرفتار

چکوال (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) چکوال نے اہم کارروائی کرتے ہوئے مختلف اضلاع میں مسلح ڈکیتی کی 15 سے زائد وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث چار رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ کو گرفتار کر لیا۔ سی سی ڈی ذرائع کے مطابق گرفتار ملزمان پر چکوال، اسلام آباد، راولپنڈی اور گوجر خان کے مختلف علاقوں میں شاپنگ مالز، کریانہ سٹورز اور یوٹیلٹی سٹورز پر اسلحے کے زور پر ڈکیتیاں کرنے کا الزام ہے۔ تسلسل وارداتوں کے باعث یہ گینگ قانون نافذ کرنے والے اداروں (بقیہ نمبر 36)

پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا وفد پاکستان مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کے زیر اہتمام القدس فری ڈائیلاسز و میڈیکل سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

القدس سنٹر میں جدید مشینری سے مفت ڈائیلاسز کی سہولت

پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے وفد کا القدس فری ڈائیلاسز اینڈ میڈیکل سنٹر کا دورہ، مفت طبی سہولیات اور فلاحی خدمات کی تعریف

بابر اورنگزیب چوہدری کی فلاحی خدمات کی تعریف، مسجد کو کمیونٹی سنٹر بنا کر عوام کو طبی سہولیات فراہم کر رہے ہیں، انجینئر مبین صدیق

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے وفد نے پاکستان مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کے زیر اہتمام القدس فری ڈائیلاسز و میڈیکل سنٹر کا دورہ کیا، جہاں وفد کو جدید طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ انجینئر مبین صدیق نے بتایا کہ سنٹر میں جدید مشینری کے ذریعے مفت ڈائیلاسز، آنکھوں کے (بقیہ نمبر 37)



وزیراعظم محمد شہباز شریف کو دانش اسکول اسلام آباد کی افتتاحی تقریب کے موقع پر دانش اسکول کے سابق طلباء سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، کمسن بچی سے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے کمسن بچی سے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچی سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میری بیٹی سے نازیبا حرکات کیں، گوجر خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس (بقیہ نمبر 38)

لاہور سفاری پارک میں پاکستان کا پہلا زرافہ کیفے

جنگلی ماحول کے تھیم پر تیار کیا گیا کیفے لاہور سفاری زو کے ری ویمپنگ منصوبے کا حصہ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پہلی بار لاہور سفاری پارک میں زرافہ کیفے قائم کیا گیا ہے جہاں شہری زرافوں کو اپنے ہاتھوں سے خوراک کھلانے کے ساتھ ان کے قریب بیٹھ کر چائے اور کافی سے بھی لطف اندوز ہو سکیں گے۔ جنگلی ماحول کے تھیم پر تیار کیا (بقیہ نمبر 39)

3 پتنگ سپلائر گرفتار، 420 پتنگیں اور 15 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے 3 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 420 پتنگیں اور 15 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 پتنگ سپلائرز کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے 420 پتنگیں اور 15 ڈوریں برآمد ہوئیں، تھانہ بنی پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ پتنگ بازی جیسے خونی کھیل میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

باہمت بیٹی نے معذوری کو شکست دے کر کیلئے مثال قائم کر دی

بایاں بازو اور پاؤں مفلوج ہونے کے باوجود پلوشہ شہزادی نے تعلیم جاری رکھی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی باہمت بیٹی پلوشہ شہزادی نے معذوری کو شکست دے کر خواتین کے لیے مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 4 سال کی عمر میں پولیو کا شکار ہونے والی پلوشہ شہزادی نے محنت اور بلند عزم سے ہائی کورٹ کی وکیل بننے کا اعزاز حاصل (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی کینٹ میں پانی کا سنگین بحران، اہلیان علاقہ سراپا احتجاج

نچلے عملے پر مشتمل مافیا کا گٹھ جوڑ، گھروں میں پانی ذخیرہ کرنے سے ڈینگی کا پھیلاؤ؛ شہری 5 ہزار روپے میں ٹینکر خریدنے پر مجبور

ایم این اے ملک ابرار کے منظور کردہ 10 کروڑ کے سولر منصوبے اور واٹر نیٹ ورک کے باوجود ناقص فراہمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ کے رہائشی علاقوں میں پینے اور گھریلو استعمال کے پانی کا بحران سنگین رخ اختیار کر گیا جہاں کینٹ حکام کی ناقص منصوبہ بندی کے نتیجے میں 48 گھنٹوں کے طویل تعطل کے بعد محض 15 سے 25 منٹ کی برائے نام فراہمی کی جا رہی ہے۔ اہلیان علاقہ بوند بوند کے لیے ترس گئے ہیں جبکہ باقاعدگی سے بھاری بھرکم واٹر بلز تھمائے جا رہے ہیں۔ مجبوری کے تحت گھروں میں ڈرموں، ٹینکوں اور کھلے برتنوں میں پانی ذخیرہ کرنے کی وجہ سے علاقے میں ڈینگی لاروا کی افزائش اور ڈینگی وائرس (بقیہ نمبر 41)

جعلی عامل نے مریدوں کو لسی پلا کر بے ہوش کر دیا

چنیوٹ (اے ایف بی) صوبہ پنجاب کے شہر چنیوٹ میں ایک جعلی عامل نے مریدوں کو لسی پلا کر بے ہوش کر دیا، اور پھر نقدی، زیورات لوٹ کر فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق چنیوٹ میں تھانہ لنگرانہ کے ایک نواحی علاقے چک 237 میں ایک جعلی عامل نے مریدوں کو نشہ آور لسی پلا دی اور بعد ازاں جب سب بے ہوش ہو گئے تو وہ گھر کو لوٹ کر بھاگ گیا۔ پولیس کے مطابق نشہ آور لسی پینے سے خواتین، بچوں سمیت گھر کے 9 افراد بے ہوش ہوئے، (بقیہ نمبر 42)

سردی کی شدت میں اضافے کے باعث کالج روڈ پر دوکاندار گاہکوں کیلئے مچھلی فرائی کر رہے ہیں

کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمیر احمد بخاری پٹی کے مقام پر سسپنشن پل کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد، دو ہفتوں کے دوران 768 ملزمان گرفتار

گھریلو چوری اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی چوری میں ملوث 33 گینگز کے 84 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گزشتہ دو ہفتوں کے دوران 768 ملزمان گرفتار کر کے 21 کروڑ 75 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا، ڈکیتی، جبکہ راہزنی، گھریلو چوری اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی چوری میں ملوث 33 گینگز کے 84 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد (بقیہ نمبر 43)

سانحہ کارساز کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب

جمہوریت کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے، میر گل محمد جکھرانی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کشمور کی جانب سے 18 اکتوبر سانحہ کارساز کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کشمور کے صدر میر گل محمد خان جکھرانی نے کی تقریب میں پیپلز پارٹی کے سینکڑوں کارکنوں اور عہدیداروں نے شرکت کی اور سانحہ کارساز کے شہداء کی عظیم قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا اس (بقیہ نمبر 44)

چترال، کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمیر احمد بخاری پٹی کے مقام پر سسپنشن پل کا افتتاح کر رہے ہیں

آل پاکستان فارما لیگ کا نقلی ادویات کی فروخت کے خلاف احتجاج

نقلی ادویات کیخلاف کارروائی کی جائے اور سپلائی شفاف بنائی جائے

آل پاکستان فارما لیگ کا 25 شہروں میں مظاہروں کا انتباہ

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) آل پاکستان فارما لیگ نے کندھ کوٹ میں مبینہ نقلی، ڈپلیکیٹ، ری پیک اور بغیر وارنٹی ادویات کی فروخت کے خلاف احتجاجی تحریک جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ تنظیم نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ حکام ادویات کی خرید و فروخت اور سپلائی کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کریں۔ فارما لیگ کے مطابق، اگر کسی ڈیلر یا ہول سیلر کے خلاف غیر قانونی سرگرمیاں ثابت ہوں تو اس کا لائسنس منسوخ کرنے سمیت قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ تنظیم نے ہول سیل مارکیٹ کی بندش پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے حکام سے تمام حقائق عوام کے سامنے لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ فارما لیگ نے اعلان کیا کہ پیر کے روز سکھر، شکارپور، لاڑکانہ، جیکب آباد، حیدرآباد، کراچی، گھوٹکی، بدین، (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی پولیس کی جانب سے مؤثر سکیورٹی و ٹریفک انتظامات

6000 کے قریب افسران سکیورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) ٹرائی نیشنل کرکٹ سیریز، پاکستان مقابلہ سری لنکا ون ڈے میچ کے دوران سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے مؤثر سکیورٹی و ٹریفک انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 6000 کے قریب افسران سکیورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹرائی نیشنل کرکٹ سیریز، پاکستان مقابلہ سری لنکا ون ڈے میچ، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق (بقیہ نمبر 46)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں داخلوں کا نیا ریکارڈ

وائس چانسلر کی قیادت میں خزاں 2026 میں 4500 سے زائد داخلے

راولپنڈی (این این آئی) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کی سربراہی میں جامعہ نے داخلوں کی تاریخ کا نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے سمسٹر خزاں 2026 میں 4500 سے زائد نئے طلبہ کو داخلہ دے دیا ہے۔ یونیورسٹی کے جاری کردہ گزشتہ چار سالہ تقابلی اعداد و شمار کے مطابق سال 2024 کے 2,600 داخلوں کے مقابلے میں رواں سال داخلوں کی شرح میں 65.4 فیصد کا غیر (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی: جی ٹی روڈ پر قائم ملٹی گارڈن زو پارک میں آئے شہری پرندے کو دیکھ کر لطف اندوز ہو رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی زیر صدارت اجلاس

ماہانہ کارکردگی کے اشاریوں، ریونیو کورٹس میں زیر التوا مقدمات کا تفصیلی جائزہ

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے زیر صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، جی اے آر، تحصیلداران اور نائب تحصیلداران کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ماہانہ کارکردگی کے اشاریوں (KPIs)، ریونیو کورٹس میں زیرِ التوا مقدمات، ٹیکس ریکوری اور دیگر ریونیو امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ریونیو کورٹس میں زیرِ التوا مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹاتے ہوئے پینڈنسی صفر کی سطح پر لائی جائے اور ٹیکس ریکوری سمیت تمام مقررہ اہداف (بقیہ نمبر 48)

پبلک سروس وہیکلز، کمرشل اور ہیوی ٹریفک کی خصوصی چیکنگ کا حکم

شہر میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کے داخلے اور نقل و حرکت پر مکمل پابندی

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے لاہور میں ٹریفک حادثات کی روک تھام اور شہریوں کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے پبلک سروس وہیکلز، کمرشل اور ہیوی ٹریفک کی خصوصی چیکنگ کا حکم دے دیا ہے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق شہر میں دن کے اوقات میں ہیوی ٹریفک کے داخلے اور نقل و حرکت پر مکمل پابندی عائد ہے۔ ہیوی ٹریفک رات 11 بجے سے پہلے شہر میں داخل نہیں ہو سکتی، جبکہ صبح 7 بجے کے بعد بھی کمرشل (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سرکاری نرخ نامہ بے اثر، پرائس مجسٹریٹس، پیرا فورس کی کارکردگی پر سوالات

بیف 1300، مٹن 2600 روپے کلو تک فروخت، چکن، سبزیاں اور پھل بھی سرکاری نرخوں سے باہر

نرخ نامہ صرف چھپانے ہی یا عوام کو ریلیف بھی دینا ہے؟ شہریوں کا کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر سے عملی کارروائی کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) شہر میں سرکاری نرخ نامے [illegible] بیف 1300 روپے اور مٹن 2400 سے 2600 روپے فی کلو تک فروخت ہونے کی شکایات [illegible] (بقیہ نمبر 50)

سی پی او راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سری لنکا ون ڈے میچ کے دوران سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹرائی نیشن سیریز، پاکستان سری لنکا ون ڈے میچ کے دوران سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا، سی پی او نے پوائنٹ وائز تمام سکیورٹی ڈیوٹیز چیک کیں اور افسران کو فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات دیں (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی: مری روڈ پر کراسنگ کیلئے مناسب پل نہ ہونے کے باعث سکول کے بچے اور بزرگ روڈ کراس کر رہے ہیں جو کہ کسی حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور ایک بار پھر پہلے نمبر پر آ گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور تعطیل کے باوجود دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ شہر میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 261 ریکارڈ کی گئی، شہر کے مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی شرح خطرناک حد تک بلند ریکارڈ کی گئی، اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 451 تک پہنچ گیا، گلبرگ ٹو میں 418، برکی روڈ میں (بقیہ نمبر 53)

گلاب دیوی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر سے جھگڑا، 2 خواتین گرفتار

ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجے میں رکاوٹ ڈالنے سے گریز کیا جائے

لاہور (این این آئی) گلاب دیوی ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر اور مریض کے لواحقین کے درمیان جھگڑے کا معاملہ ہونے پر نصیر آباد پولیس نے جھگڑے میں ملوث 2 خواتین کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق دونوں خواتین کے خلاف 107/151 کے تحت انسدادی کارروائی کر کے عدالت پیش کر دیا گیا۔ واقعہ گزشتہ رات گلاب دیوی (بقیہ نمبر 52)

18 اکتوبر 2007 کا دن پاکستانی تاریخ کا وہ سیاہ ترین دن ہے

شہدا کارساز کو خراج تحسین، ہم شہدا کے خون سے کیے گئے عہد پر قائم ہیں، مجید غوری

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے زیر اہتمام سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ریلی نکالی گئی پیپلز پارٹی لاہور کے دفتر جوہر ٹاؤن سے شروع ہو کر کنال روڈ پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی میں پیپلز پارٹی کے سینکڑوں کارکنوں (بقیہ نمبر 54)

وقف املاک کا تحفظ، محصولات میں اضافہ، اہداف کا حصول ناگزیر

ڈینگی کا خاتمہ، وقف اراضیات کا انتقال، مزارات کے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

رحیم یار خان، راجن پور اور مٹھن کوٹ میں سینکڑوں ایکڑ وقف اراضی پر غیر قانونی کاشت کا انکشاف، سخت محکمانہ کارروائی کا حکم

وقف املاک کے تحفظ، آمدن میں اضافے اور اہداف کے حصول پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور: سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ ایوان اوقاف میں منعقدہ وزٹل ناظمین کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

راولپنڈی (این ای این) سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ وقف املاک کا تحفظ، محکمانہ آمدن و محصولات میں اضافہ اور حکومت کی جانب سے مقرر کردہ اہداف کا بروقت حصول محکمہ اوقاف کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اہداف کے حصول میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ کارکردگی کی بہتری کے لیے خود احتسابی اور مؤثر مانیٹرنگ کے نظام کو مزید فعال بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 55)

امیر مقام کا پی ٹی آئی سے لوٹ مار کا حساب لینے کا اعلان

سوات (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ سوات کے لوگ یوم نجات منا رہے ہیں، پی ٹی آئی سے لوٹ مار کا حساب لیں گے۔ جلسے سے خطاب میں امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے لوگوں نے صوبے کے دشمنوں کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کا شکریہ، جنہوں نے پی ٹی آئی کے احتجاج کو مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ جلسے میں موجود عوام کا سمندر وفاقی حکومت کے فیصلے کی تائید کر رہا ہے۔ امیر مقام (بقیہ نمبر 56)

بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا

ژوب میں 50 کلو آٹے کی تھیلی 7 ہزار 400 روپے میں فروخت ہونے لگا

ژوب (این این آئی) بلوچستان میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا، غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں آج 17 اکتوبر کو غربت کے خاتمے کا عالمی دن منایا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ غربت، مہنگائی اور غذائی قلت نے عام شہریوں کی (بقیہ نمبر 57)

کسی بھی سرحد سے دراندازی ناقابلِ برداشت ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

وطن کی حفاظت کیلئے قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ مشرقی اور مغربی سرحدوں سے کسی بھی قسم کی دراندازی، دہشت گردی یا ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ افواجِ پاکستان ملک کی سرحدوں کے دفاع، علاقائی سالمیت کے تحفظ اور دشمن کی ہر جارحانہ کارروائی کا مؤثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ قومی سلامتی کے حوالے سے افواج پاکستان کا دوٹوک مؤقف اس عزم کا اظہار ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے (بقیہ نمبر 58)

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو پاکستان کا سرکاری دورہ کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو 20 سے 22 اکتوبر تک پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے، دورے کے دوران دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کے علاوہ تجارت، سرمایہ کاری، صحت، تعلیم، سیاحت، زراعت، دفاع، بحری سلامتی اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق مالدیپ کے صدر محمد معیزو (بقیہ نمبر 59)

انگریزوں کے دور کا بنایا گیا گنجمنڈی لکڑی کا پل اپنی مضبوطی کے باعث آج بھی قائم و دائم ہے

25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلاباز خلائی مشن پر روانہ ہوگا، احسن اقبال

2035ء تک چاند پر لینڈنگ کا ہدف ہے، چین کے تعاون سے پاکستان خلائی تحقیق کے میدان میں نئی بلندیوں کو چھوئے گا

اسلام آباد سائنس فیسٹیول میں یونیورسٹی آف نارووال کی پہلی پوزیشن، یونیورسٹی میں پاکستان کا پہلا اسپیس میوزیم قائم کریں گے

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کے وژن کے تحت سپارکو کے تعاون سے نارووال میں پہلی مرتبہ عالمی ورلڈ اسپیس ویک 2026 منایا گیا، جس کا مقصد نوجوان نسل میں خلائی علوم، سائنسی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔ نارووال میں ورلڈ اسپیس ویک کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ 25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلائی مشن پر روانہ ہوگا جبکہ پاکستان نے 2035 تک (بقیہ نمبر 60)

کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کوئٹہ، نوشکی اور خضدار میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ اتوار کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے 8 بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات کو سراہا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی نمایاں کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان (بقیہ نمبر 61)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035